© rasailojaraid.com

سروے کرتے ہوئے ان پر طاری ہوئی۔ انھوں نے پھٹی ہوئی زمین اور مرے ہوئے پرندوں کا مشاہدہ کیا اور رپورٹیں سنیں کہ لوگ تابکاری کے اثرات سے مر رہے ہیں۔

1989ء میں سلیمانوف نے قازقستان کے علاقے میں ایٹمی تجربات پر پابندی عائد کرنے کے حق میں ایک تحریک چلائی۔ اطلاعات کے مطابق انھوں نے ماسکو سے یہ یقین دہانی حاصل کرلی کہ قازقستان کے علاقے میں ایٹمی تجربات کا سلسلہ بند کردیا جائے گا۔

## کانفرنس

### وسطی ایشیا کے موضوع پر کانفرنس

وسطی ایشیا کے موضوع پر چوتھی بین الاقوامی کانفرنس گذشتہ سال 27 سے 30 ستمبر تک ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی وسکونس میڈیسن یونیورسٹی میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا موضوع "وسطی ایشیا کی زبان، قومیت اور سماجی ڈھانچہ 1990-1100" اس کی سرپرستی دوسروں کے علاوہ یونیورسٹی کے شعبۂ تاریخ نے کی۔ جبکہ اس کا انتظام وسطی ایشیائی مطالعہ کی ایسوسی ایشن (ACAS) کے تعاون سے کیا گیا۔

کانفرنس میں دنیا بھر کے اسکالر شریک ہوئے۔ جبکہ روس کی نمائندگی 20 اسکالروں نے کی۔ دو مختلف مقامات پر بیک وقت اجلاس ہوئے۔ جن میں مجموعی طور پر 55 مقالے پیش کیے گئے۔ اجلاس سوویت وسطی ایشیا کی مختلف جمہوریتوں، آذربائیجان اور چینی ترکستان کے لیے وقف تھے۔ کانفرنس کی ایک بڑی دلچسپی آذربائیجان کے شیخ الاسلام اللہ شکور پاشا نمرادہ کی تقریر تھی۔ انھوں نے آذربائیجان کے موجودہ بحران پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ کانفرنس کے ختم ہونے سے آخری دن (باکو میں) جنوری 1990ء کے فسادات پر ایک دستاویزی فلم دکھائی گئی۔

کانفرنس کی کارروائی کو ذرائع ابلاغ نے پیش کیا۔ ان میں وائس آف امریکہ کے نمائندے بھی شامل تھے۔ کانفرنس بہرحال کامیاب رہی۔

## مشرقی یورپ

### یوگوسلاویہ کا غیر یقینی مستقبل

یوگوسلاویہ میں ہر جگہ بے اعتمادی ہے۔ ہوا میں، سمندر میں، خشکی پر، خود اعتمادی یوگوسلاویہ سے رخصت ہوچکی ہے۔ لوگ جو مدتوں سے ایک دوسرے کو جانتے تھے، ایک دوسرے



© rasailojaraid.com